# Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Test

Q1. بہبودآبادی پروگرام میں عمرانیات کا کراد بیان کریں.

**Ans 1:** سماجی بہبود کے بڑے بڑے اداروں میں عمرانیات کے بے شمار ماہرین بطور سوشل ویلفئر آفیسے کے کام کر رہے ہیں جس میں تعلیم بالغاں ،دارلمطالعہ کا قیام،کیھلوں کے مقابلے، نوجوانوں میں یوتھ کلب کا قیام،یتیم خانوں کی دیکھ بھال،اربن کمیونٹی ڈیولپمنیٹ پروگرام. جنگ کے دنوں میں عوام کے عطیات جمع کر کے جنگی محاذ تک پہنچانا وغیرہ جیسے کام شامل ہیں.

---

Q2. سوشل سیکوریٹی کے شعبہ میں ماہرین عمرانیات کا کردار بیان کریں-

**Ans 1:** 1- کارخانوں کے مزدوروں کی بہتری کے لیے کام کرنا. 2- مزدوروں کو صحت و علاج کی سہولتوں کی دستیابی 3- حادثہ کی صورت میں مزدور کی بیوہ یا وارثین کو معاوضہ دلوانا

---

Q3. بلوچستان میں کم شرح خواندگی کی دو وجوہات بیان کریں.

**Ans 1:** 1.بلوچستان میں غربت بہت زیادہ ہےغریب لوگ اپنے بچوں کو تعلیم دلوانا برداشت نہیں کر سکتے. 2.والدین کی اکثریت نا خواندہ ہے،وہ بچوں کو تعلیم دلوانے میں دلچسپی نہیں رکھتے.

---

Q4. پیرول سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ایسے مجرم جو خاص دفعات یا خاص جرائم سے تعلق رکھتے ہوں ان کا جرم بھی سنگین نہ ہو اور اپنی سزا کا ایک تہائی حصہ بھی جیل میں گزار چکے ہوں،انہیں اچھے اخلاق والے قیدیوں کے ایکٹ کے تحت جیلوں سے نکال لیا جاتا ہے.

---

Q5. کراچی کی تاریخی اہمیت بیان کریں.

**Ans 1:** 1.قائداعظم کی پیدائش اسی شہر میں ہوئی. 2.پاکستان بننے کے بعد کراچی پاکستان کا پہلا دارلخلافہ تھا. 3.محمد بن قاسم نے سب سے پہلے کراچی اور سندھ کے دیگر علاقوں کو فتح کر کے اسلام کی بنیاد اس سر زمین پر رکھی.

---

Q6. پنجاب میں بولے جانے والی مقامی زبانوں کے نام لکھیں.

**Ans 1:** 1.سرائیکی 2.پنجابی 3.اردو

---

Q7. تحقیق کے شعبے میں ماہرین عمرانیات کا کیا کرادر ہے؟

**Ans 1:** عمرانیات کے ماہرین جیلوں میں جا کر قیدیوں پر تحقیقیات کرتے ہیں.ان کے جرم کرنے کی معاشرتی و ثقافتی وجوہات پتہ لگاتے ہیں اور معاشرتی بد نظمی کی نشاندہی کرتے ہیں.

---

Q8. جرائم کے روک تھام میں ماہرین عمرانیات کی خدمات یا عمرانیات کا اطلاق بتائیں-

**Ans 1:** 1- قیدیوں کی اصلاح کرنا- 2- قیدیوں کو معاشرتی تعلیم دینا- 3- بئے قیدیوں کو درست کرنے کی کوشش کرنا. 4- جرائم پر تحقیقات کرنا.

---

Q9. جسمانی تفاعل سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ایک فرد دوسرے فرد کو مکہ مارتا ہے،چھیڑتا ہے،اسے خارش کرتا ہے،گدگدی کرتا ہے یا دونوں کے درمیان کشتی ہو جاتی ہے یا باکسنگ کا مظاہرہ ہوتا ہے،فٹ بال ،ہاکی یا کرکٹ کھیلتی ہے ان سب حالتوں میں تفاعل پایا جاتا ہے.اس سب صورتوں میں جو تفاعل پایا جاتا ہے اسے ہم جسمانی تفاعل کہتے ہیں.

---

Q10. صحت کے شعبہ میں ماہر عمرانیات کے وظائف یا عمرانیات کا اطلاق تحریر کریں

**Ans 1:** 1- مریضوں کا نفسیاتی علاج و کونسلنگ 2- مریضوں کی معاشرتی و ثقافتی زندگی کا مطالعہ 3- بیماریوں کی معاشرتی وجوہات جاننا 4- ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی بذریعہ میڈیکل سوشل آفیسر

---